أردو(لازمی) (نیو کورس) (پہلا گروپ) 220 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس:60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (10)

### (حصہ نظم)

| | | |
|---|---|---|
| i - | بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے ...... | محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے |
| ii - | فاطمہ! تو آبروئے اُمتِ مرحوم ہے ...... | ذرہ ذرہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے |
| iii - | سر نگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی ...... | جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی |
| iv - | یوں تو میرے شہر میں سڑکیں کئی ہیں لازوال ...... | لیکن اک ایسی سڑک بھی ہے نہیں جس کی مثال |

### (حصہ غزل)

| | | |
|---|---|---|
| i - | آدمی آدمی سے ملتا ہے ...... | دل مگر کم کسی سے ملتا ہے |
| ii - | آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا ...... | آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں |
| iii - | نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے ...... | جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں |

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (10=5+5)

(الف) اقبالؒ کے ہاں ہلالِ عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا، ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے۔ تیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبالؒ اس رویے کی عکاسی کرتے ہیں جس پر نثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ یادِ طفلی علامہ اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے اور وہ منظر کشی والے رجحان کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلّو اُس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

i - پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii - شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

iii - سبق "استنبول" میں مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجئے۔

iv - مرزا غالب نے میر مہدی مجروح کو خط کب لکھا؟

v - سبق ملمّع میں معاشرے کے کس پہلو پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

vi - پاکستانی بچوں کو کس چیز سے پیار ہے؟

vii - کھیت سے منہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے؟

viii - ادا جعفری کی شاملِ نصاب غزل کے مطلع میں شاعرہ کس بات پر نازاں ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے:- (5)

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:- (15)

(الف) عیدین (ب) تحریکِ پاکستان (ج) تمباکو نوشی کے نقصانات

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے:- (10)

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لا تعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری رو پہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کیلئے سامان ہو رہا ہے۔

**سوالات:**

i - سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

ii - تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

iii - صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

iv - دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

v - اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔